TALEEMI DUNYA

Test Syllabus: Unit # 4 (نثر:4۔اُردو ادب میں عید الفطر،نظم ۔فاطمہ بنتِ عبداللہ،* غزل: ادا جعفری۔* گرائمر: اہم عبارت کی تکمیل)

St. Name		**Test**	**Urdu**	**T. Marks**	**50**	**Time**	**60 Min**
F. Name		**Class**	**10th**	**T. Code**	**U#4**	**T. Date**	

حصّہ معروضی

نوٹ:ہرسوال کے چار ممکنہ جوابات A,B,C اورDدئیے گئے ہیں جوابی کاپی پر ہرسوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سےبھر دیجئے ۔ایک سےزیادہدائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصورہوگا۔**8**

-1	ڈاکٹر وحید قریشی پیدا ہوئے:						
(A)	سرگودھا میں	(B)	میانوالی میں	(C)	لاہور میں	(D)	سیالکوٹ میں
-2	عید الفطر کے موقع پر مسلم معاشرے کے کس طبقے کو سب سے زیادہ مسائل کا سامنا کرنا پڑتا ہے؟						
(A)	درمیانہ متوسط	(B)	متوسط	(C)	غرباء	(D)	امراء
-3	یہ مصرع کس شاعر کا ہے" ہلال عید کی گردوں پر آمد آمد ہے؟						
(A)	علامہ اقبالؒ	(B)	حفیظ جالندھری	(C)	عبدالمجید سالک	(D)	حالی
-4	چاہت گرائمر کی رو سے ہے۔						
(A)	اسم جامد	(B)	اسم مصدر	(C)	اسم حاصل مصدر	(D)	اسم حالیہ
-5	نظم " فاطمہ بنتِ عبداللہ" کس نے لکھی ہے؟						
(A)	حفیظ جالندھری	(B)	علامہ اقبالؒ	(C)	احسان دانش	(D)	ناصر کاظمی
-6	اداجعفری کی شاملِ نصاب غزل اُن کی کس مجموعہ ء کلام سے لی گئی ہے؟						
(A)	شہر درد	(B)	سازِسخن بہانہ	(C)	میں ساز ڈھونڈتی رہی	(D)	غزالاں تم واقف ہو
-7	" مسافر" کا درست تلفظ ہے:						
(A)	مُسافِرْ	(B)	مَسافرْ	(C)	مُسافَرْ	(D)	مُسَافِرْ
-8	"کلہاڑا" قواعد کی رو سے ہے۔						
(A)	اسم صورت	(B)	اسم ظرف	(C)	اسم آلہ	(D)	اسم مکبر

حصّہ انشائیہ

سوالنمبر2 ۔ مندرجہ ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔ **4**

حصہ نظم : رقص تیری خاک کا کتنا نشاط انگیز ہے! ذرّہ ذرّہ زندگی کے سوز سے لبریز ہے

حصہ غزل: تھے کتنے ستارے کہ سر شام ہی ڈوبے ہنگام سحر کتنے ہی خو رشید ڈھلے ہیں

سوالنمبر3 ۔ مندرجہ ذیل نثر پارے کی تشریح کیجیے۔ سبق کا عنوان ، مصنف کانام اور خط کشیدہ الفاظ کے معانی بھی لکھیے۔ **05**

اقبال کے ہاں ہلال عید صرف ہمیں خوش ہی نہیں کرتا' ہماری ہنسی بھی اڑاتا ہے۔ یتیموں کی عید کے بارے میں اقبالؒ اس رویے کی عکاسی کرتے ہیں جس پرنثر نگار بھی خامہ فرسائی کرتے رہے ہیں۔یاد طفلی علامہ اقبالؒ کو عید کے چاند کی تصویر کشی پر مجبور کرتی ہے اور وہ منظر کشی والے رجحان کی طرف مائل ہوجاتے ہیں۔

سوالنمبر4: مندرجہ ذیل میں سے کوئی سے چار سوالات کے مختصر جوابات لکھئے۔

1) عید الفطر کے موقع پر شہزادوں اور شہزادیوں کا ذکر کرتے ہوئے ، خواجہ حسن نظامی نے کیا نکتہ اُجا گر کیا تھا؟
2) عید الفطر کا ہماری تہذیبی اور دینی زندگی سے کیا تعلق ہے؟
3) شاعر نے نظم " فاطمہ بنتِ عبداللہ" کے پہلے شعر میں مرحومہ کو کیسے خراج عقیدت پیش کیا ہے؟
4) عید الفطر پر نظموں میں شعرا نے کیا باریکیاں پیدا کی ہیں۔
5) نظم میں" تازہ انجم کے ظہور" کا مفہوم واضح کریں۔

سوالنمبر5: سبق" اُردو ادب میں عید الفطر " کا خلاصہ لکھئے۔ **05**

سوالنمبر6: "تندرستی ہزار نعمت ہے " کا مضمون لکھیے۔ **10**

سوالنمبر7: درج ذیل عبارت کو غور سے پڑھیے اور آخر میں دے گئے سوالات کے جوابات تحریر کیجیے۔

اسلام نے لفظ قوم کے معنی بدل دیتے ہیں۔ اسلام سے پہلے کے تمام قومی سلسلے، تمام قومی رشتے نسل یا علاقے سے تعلق رکھتے تھے۔ لیکن اسلام نے لا الہ الا اللہ حمد رسول اللہ کے تحت ایک نیا روحانی بلکہ خدائی قومی رشتہ قائم کر دیا۔ اسلام کسی سے نہیں پوچھتا کہ وہ ترک ہے یا تاجیک ، وہ افریقہ کا رہنے والا ہے یا عرب کا وہ چین کا باشندہ ہے یا ما چین کا ، پاکستان میں پیدا ہوا ہے یا ہندوستان میں ، وہ کالے رنگ کا ہے یا گورے رنگ کا ، بلکہ جس کسی نے اللہ کی توحید اور محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی رسالت کو مان لیا وہ ایک رشتے میں بندھ گیا۔ جس سے اچھا اور پیارا رشتہ اور کوئی نہیں ہے۔

سوالات کے جوابات دیں۔

1) اسلام نے لفظ قوم کو کتنی وسعت دی ہے؟
2) اسلام میں ترکی کے مسلمان، چین کے مسلمان اور پاکستان کے مسلمان کے درمیان امتیاز قائم ہوگا
3) کیا گورے مسلمان کو کالے مسلمان پر کوئی فوقیت حاصل ہے؟
4) اس عبارت کا عنوان لکھئے ۔